# دستور

# بہاولپور عوامی حقوق پارٹی

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (C...)

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
بہاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Capt. Dr. Syed M. Suleman Mahtab

CamScanner

# بہاولپور عوامی حقوق پارٹی

## انڈکس



| نمبر شمار | مضمون | صفحات |
|---|---|---|
| 1 | دستور۔<br>1۔پارٹی کا نام،مرکزی دفتر ودائرہ کار۔<br>2 ۔پارٹی کا جھنڈا و موٹو گرام۔ | 1 |
| 2 | 3۔ اغراض ومقاصد | 1-2 |
| 3 | 4۔پارٹی کا تنظیمی ڈھانچہ۔ | 3-4 |
| 4 | 5۔شرائط ورکنیت برائے ممبر شپ۔<br>6۔ممبر شپ فیس۔<br>7۔عہدیداران ومدت عہدہ۔ | 4 |
| 5 | 8۔جماعتی فنڈ جمع کرنے کا طریقہ کار۔<br>9۔پارٹی کے اندرونی انتخابات ۔<br>9(a)۔انتخابات کا طریقہ دار۔<br>9(b)۔انتخابی تنازعات۔ | 5-6 |
| 6 | 10۔فرائض واختیارات | 6-12 |
| 7 | 11۔عوامی نمائندوں کی نامزدگیاں<br>12۔تنازعات وباہمی اختلافات | 12-13 |
| 8 | 13۔دستور میں ترمیم<br>14۔عدم اعتماد<br>15۔عہدار کی موت / استعفیٰ یا برطرفی کی صورت میں عارضی طور پر نشست پُر کرنے کا طریقہ کار | 13 |
| 9 | 16۔استعفیٰ کی منظوری کا طریقہ کار<br>17۔خالی نشست کو پُر کرنے کا طریقہ کار۔<br>18۔انتخاب اخراجات کا گوشوارہ (Form-C) بروقت پیش کرنا۔<br>19۔ابہام کی صورت میں مسائل کا تصفیہ وحل | 14 |



Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Coord.)

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
بہاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Capt. Dr. Syed M. Suleman Mahtab

# بہاولپور عوامی حقوق پارٹی

# (B.A.H.P)

# دستور

## 1۔ پارٹی کا نام، مرکزی دفتر اور دائرہ کار:

i۔ پارٹی کا نام بہاولپور عوامی حقوق پارٹی ہوگا۔ جس کا مرکزی دفتر مکان نمبر 106، مین سٹریٹ، اسٹیٹ گارڈن ہاؤسنگ سوسائٹی بہاولپور میں ہوگا اور ذیلی دفاتر ملک کے مختلف شہروں میں ہونگے۔

ii۔ پارٹی کا دائرہ کار اسلامی جمہوریہ پاکستان ہوگا۔

iii۔ پارٹی کا Email ایڈریس bahawalpurawami@gmail.com، پارٹی کے ٹیلی فون نمبرز 0317-0667823 اور 0425612-92334+ جبکہ ویب سائیٹ https://BAHPPK.com ہے۔ جس پر پارٹی کا منشور اور دفتری عہدیداروں کا نوٹیفکیشن موجود ہوگا۔

## 2۔ پارٹی کا جھنڈا و مونوگرام

i) بہاولپور عوامی حقوق پارٹی کا جھنڈا سفید، سبز، لال اور سیاہ رنگ پر مشتمل ہوگا۔ سفید تکون پٹی پر سیاہ رنگ میں چاند بنا ہوگا اور اس کی مخالف سمت میں سیاہ تکون پٹی پر سفید رنگ ستارہ بنا ہوگا۔ درمیان میں اوپر کی جانب سبز پٹی پر انگلش میں BAHAWALPUL AWAMI HAQOOQ PARTY لکھا ہوگا جبکہ نیچے کی جانب سرخ پٹی پر اُردو میں بہاولپور عوامی حقوق پارٹی لکھا ہوگا۔

ii) مونوگرام گول دائرے کی شکل میں ہوگا جس کی بیرونی پٹی سفید ہوگی اور اُس پر سُرخ رنگ میں چاند بنا ہوگا جس کے بعد بہاولپور عوامی حقوق پارٹی انگلش میں لکھا ہوگا اُس کے بعد سبز رنگ میں ستارہ بنا ہوگا جبکہ اندر سرخ رنگ کی لائن ہوگی جس کے اندر سبز رنگ ہوگا اُس کے اوپر اُردو میں بہاولپور عوامی حقوق پارٹی لکھا ہوگا۔

## 3۔ اغراض و مقاصد:

1۔ بہاولپور صوبہ کے قیام کے لیے ہر ممکن پر امن جدوجہد جاری رکھنا۔

2۔ تمام قسم کے تعصّبات (قبائلی، لسانی، مذہبی، صوبائیت) کے خاتمہ کے لیے جدوجہد کرنا، باہمی رواداری اور یگانگت کے فروغ کے لیے عملی جدوجہد کا آغاز کرنا۔

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Conf.)

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
بہاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Capt. Dr. Syed M. Suleman Mahtab

CamScanner

3۔اٹھارویں ترمیم کے تحت مکمل صوبائی خودمختاری کا حصول۔

4۔تمام اضلاع میں برابری کی بنیاد پر ترقی کے عمل میں لوکل کمیونٹی کی شراکت کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرنا۔

5۔آپس میں باہمی یگانگت، بھائی چارے، مساوات، اتحاد اور یکجہتی کو فروغ دینا۔

6۔جدید علاج معالجے کی بنیادی سہولیات عام عوام تک پہنچانا۔

7۔عدلیہ کے وقار کی پاسداری کو یقین بنانا۔

8۔یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنا اور بہتر تعلیم کے لیے صوبہ میں جدید سائنسی تحقیقی اور تکنیکی تعلیم اداروں کا قیام عمل میں لانا۔موجودہ تعلیمی نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنا۔

9۔تیز رفتار اقتصادی ترقی کے اہداف حاصل کرنے کے لیے مضبوط اور قابل عمل معاشی پالیسیوں کو ترتیب دینا۔

10۔تیز رفتار اقتصادی زرعی اور صنعتی ترقی کے ذریعہ روزگار کے نئے مواقع فراہم کرنا۔

11۔صوبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سازگار حالات و مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات کرنا۔

12۔زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین اور نوجوانوں کی شرکت اور ترقی کے عمل میں ان کی صلاحتوں سے مستفید ہونے کے لیے ٹھوس اور قابل عمل اقدامات کرنا۔

13۔آئین کے مطابق اقلیتوں کی نمائندگی اور ان کے مذہبی احترام اور تحفظ کو یقینی بنانا۔

14۔فوری اور سستے انصاف کو یقینی بنانے کے لیے عدالتی اصلاحات کو متعارف اور ان کے نفاذ کو یقینی بنانا۔احتساب انصاف کے تقاضوں کے مطابق بنانا۔

15۔عام آدمی کے بنیادی حقوق کے حصول اور معیار زندگی کو بلند کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنا۔

16۔امن وامان کے لیے ہر قسم کے جدید علوم و ٹیکنالوجی کو متعارف کروانا پارٹی کی اولین ترجیح ہوگا۔

17۔سابقہ ریاست بہاولپور کی ثقافت و سیاحت کو فروغ دینا۔

18۔حکومت کے انتظامی امور میں بہتری لانا۔

Haqooq Party (BAHP)
President
Suleman Mahtab

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director

CamScanner

## 4۔ پارٹی کا ڈھانچہ(Structure of the Party)

پارٹی کا دائرہ کار پاکستان اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں پر مشتمل ہوگا۔ پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے میں درج ذیل ادارے ہونگے۔

i۔مرکزی کابینہ

ii۔سنٹرل ایگزیکٹو کونسل

iii۔صوبائی ڈھانچہ

iv۔ضلع،تحصیل و یونین کونسل کی کابینہ کا تنظیمی ڈھانچہ

### 4(i) مرکزی کابینہ کے عہدیداران

i۔مرکزی صدر ii۔ سینئر نائب صدر iii۔نائب صدر vi۔جنرل سیکرٹری

v۔ ایڈیشنل جنرل سیکرٹری vi۔فنانس سیکرٹری vii۔انفارمیشن سیکرٹری

viii۔میڈیا کوآرڈینیٹر ix۔یوتھ کوآرڈینیٹر x۔خواتین کوآرڈینیٹر

xi۔اقلیتی کوآرڈینیٹر xii۔جوائنٹ سیکرٹری xiii۔ آفس سیکرٹری۔

### 4(ii)۔سنٹرل ایگزیکٹو کونسل

سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کے ارکان کی تعداد 43 ہوگی۔ جن کا انتخاب عام ممبران کریں گے اور مرکزی کابینہ کے عہدیداران کے انتخاب کے لیے سنٹرل ایگزیکٹو کونسل اپنا ووٹ استعمال کرے گی۔ سنٹرل ایگزیکٹو کونسل اپنے پہلے اجلاس میں چیئر مین اور وائس چیئر مین کا انتخاب کثرت رائے سے کرے گی۔ سنٹرل ایگزیکٹو کونسل تمام اجلاسوں کی کاروائی کا با قاعدہ ریکارڈ رکھے گی اور اجلاس کی سفارشات مرکزی صدر کی منظوری کے لیے بھجوائے گی۔ سنٹرل ایگزیکٹو کونسل الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن(3) 208 & 207 کے تحت سال میں ایک دفعہ لازمی اپنی میٹنگ بلائے گی۔

### 4.iii۔ صوبائی کابینہ

i۔صدر ii۔نائب صدر iii۔جنرل سیکرٹری vi۔فنانس سیکرٹری

v۔انفارمیشن سیکرٹری vi۔جوائنٹ سیکرٹری vii۔آفس سیکرٹری۔

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
President
Capt. Dr. Syed M. Suleman Mahtab

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Conf.)

CamScanner

**4.iv۔ ضلع، تحصیل ویونین کونسل کی کابینہ کا تنظیمی ڈھانچہ**

i۔صدر　　ii۔نائب صدر　　iii۔جنرل سیکرٹری　　vi۔فنانس سیکرٹری

v۔انفارمیشن سیکرٹری　　vi۔جوائنٹ سیکرٹری　　vii۔آفس سیکرٹری۔

## 5۔ شرائط رکنیت برائے ممبر شپ۔

(i)۔پاکستان کا ہر عاقل و بالغ شہری قطع نظر، رنگ و نسل، مذہب و زبان جو پارٹی کے اغراض و مقاصد، منشور وآئین سے اتفاق رکھتا ہو، پارٹی کا رکن بن سکتا ہے۔

(ii)۔پارٹی کا منظور شدہ فارم رکنیت پُر کرے اور اس کی عمر 18 سال سے کم نہ ہو۔

(iii)۔وہ کسی دوسری سیاسی جماعت یا تخریبی گروپ کا رکن نہ ہو۔

(iv)۔وہ سرکاری ملازم نہ ہو۔

(v)۔وہ دوہری شہریت کا حامل نہ ہو۔

(vi)۔وہ گلگت بلتستان یا آزاد کشمیر کی شہریت نہ رکھتا ہو۔

(vii)۔وہ کسی بھی ملک دشمن سرگرمی یا نظریہ پاکستان کے خلاف کام کرنے میں ملوث نہ ہو۔

## 6۔ ممبر شپ فیس۔

پارٹی کا ہر رکن مبلغ -/100/ روپے سالانہ فنڈ پارٹی کے مخصوص اکاؤنٹ میں جمع کروائے گا یا بصورت دیگر پارٹی کے فنانس سیکرٹری کے پاس جمع کروائے گا جو متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں وہ رقم جمع کروا دے گا اور با قاعدہ اُس کا حساب کتاب رکھے گا۔

## 7۔ عہدیداران و مدت عہدہ

پارٹی کے تمام عہدیداران تین سال کے لیے منتخب ہونگے اور تین سال مکمل ہونے کے 120 دن قبل الیکشن کا عمل اگلے تین سال کے لیے شروع ہو جائے گا۔ تاہم مخصوص حالات میں اگر ملک میں کوئی نا گہانی آفت آ جائے تو مرکزی کابینہ اس میں ایک سال کی توسیع کی سفارش کر سکتی ہے تاہم حتمی منظوری الیکشن کمیشن آف پاکستان سے لینی ضروری ہو گی۔

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
بہاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Suleman Mahtab

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Pol.)

## 8۔ جماعتی فنڈ جمع کرنے کا طریقہ کار۔

(i)۔ کارکن جو سالانہ فیس پارٹی کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں گے وہ پارٹی کے فنڈ ز جمع کرنے کا بنیادی ذریعہ ہو گی۔اُس کے علاوہ خصوصی عطیات جو پارٹی کے کارکن وعہدیداران پارٹی کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں گے وہ بھی آمدن کا ایک ذریعہ ہوگا۔

(ii)۔ وہ آمدنی جو کسی منقولہ یاغیر منقولہ جائیداد یا کسی سامان کی فروخت یا اس کے کرایہ سے وصول ہوگی۔

(iii)۔ ہنگامی چندہ جو مخصوص حالات میں پارٹی کے اخراجات برداشت کرنے کے لیے پارٹی کے مرکزی عہدیداران کی طرف سے مرکزی صدر کی منظوری سے لگایا جائے گا۔

(iv)۔ الیکشن ایکٹ 2017 دفعہ (3)204 کے تحت کسی بھی غیر ملکی سے بالواسطہ یا بلا واسطہ چندہ یا رقم یا تحفہ وصول نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی کسی این جی او/ فرم/ ملکی یا غیر ملکی کمپنی سے جو اندرون ملک یا بیرون ملک کام کرتا ہو کسی قسم کی مالی مدد لی جائے گی۔علاوہ ازیں ممنوعہ ذرائع سے بھی کسی قسم کا چندہ یا مالی معاونت نہیں لی جائے گی۔

(v)۔ پارٹی کا مالی سال یکم جولائی سے شروع ہو کر 30 جون کو ملکی مالی سال کے مطابق ختم ہوگا اور مالی گوشوارہ جات کسی بھی اچھی شہرت کی حامل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرم سے (Consolidated statement of account on Form-D) کا آڈٹ کروا کر 60 دن کے اندر اندر حسب قانون الیکشن کمیشن کو بھجوائے جائیں گے۔

(vi)۔ پارٹی کا نہ تو کوئی بیرون ملک اکاؤنٹ ہے اور نہ ہی مستقبل میں کسی بھی دوسرے ملک میں کوئی بینک اکاؤنٹ کھولا جائے گا۔

## 9۔ پارٹی کے اندرونی انتخابات (Intra Party Elections) کے لیے ضروری قواعد

### 9(a)۔ انتخابات کا طریقہ کار

(i)۔ پارٹی کے انتخابات الیکشن ایکٹ اور الیکشن رولز 2017 کے تحت خفیہ رائے شماری سے کروائے جائیں گے مدت عہدہ 3 سال ہوگی اور 3 سال مکمل ہونے سے چار ماہ قبل آنے والے مرکزی کابینہ، سنٹرل ایگزیکٹو کونسل، صوبائی کابینہ وضلع، تحصیل و یونین کونسل کی کابینہ کے انٹرا پارٹی انتخابات کے لیے شیڈول مرکزی صدر کی منظوری سے جاری کر دیا جائے گا۔

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
President
Capt. Dr. Syed M. Suleman Mahtab

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Conf)

(ii)۔ انتخابات کروانے کے لیے الیکشن اتھارٹی مرکزی صدر کی منظوری سے قائم کی جائے گی جو کہ الیکشن کمشنر اور دو ممبران پر مشتمل ہوگی اس کا تقرر مرکزی صدر اپنی کابینہ کے مشورے سے کریگا۔ اسی طرح صوبائی، ضلع، تحصیل و یونین کونسل کی کابینہ کے صدور متعلقہ الیکشن اتھارٹی کا تقرر اپنی کابینہ کے مشورے سے کریں گے۔

(iii)۔ پارٹی آئین پاکستان مجریہ 1973 و الیکشن ایکٹ 2017 و الیکشن رولز 2017 کی پابندی کرے گی اور مرکزی صدر اندرونی انتخابات (Intra Party Elections) کروانے کے سات دن کے اندر اندر زیر دفعہ 209، الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت الیکشن کمیشن کو نتائج بھجوائے گا۔

(iv)۔ چونکہ پارٹی کے پہلے انتخابات ہیں اور مرکزی کابینہ نہیں ہے اسلیئے پارٹی کے بانی نے مرکزی سطح پر میاں محمد کاشف علی کو الیکشن کمشنر نامزد کیا ہے جس نے پارٹی انتخابات کروائے۔ مستقبل میں جوں جوں پارٹی کی رکنیت میں اضافہ ہوگا۔ دستور کے آرٹیکل 9(a)(i)(ii)(iii) کے تحت پارٹی کے اندر انتخابات کروائے جائیں گے۔

## 9(b)۔ انتخابی تنازعات

انتخابی تنازعات کے حل کے لیے اپیلیٹ کمیشن (Appellate Commission) بنایا جائے گا جو کہ ایک کمشنر اور دو ممبران پر مشتمل ہوگا۔ اپیلیٹ کمیشن مرکز اور صوبائی سطح پر قائم کیے جائیں گے جن کے تقرر کے لیے مرکزی کابینہ اپنی سفارشات صدر کو بھیجے گی لیکن سفارشات بھیجتے ہوئے اس بات کا خیال رکھا جائے گا کہ کمشنر اور ممبران نہ تو عہدیداران ہو اور نہ ہی آنے والے الیکشن میں بطور اُمیدوار ہوں۔ اپیلیٹ کمیشن انتخابی اعتراضات کو نبٹانے کے لیے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے بنائے ہوئے قوانین کی روشنی میں کاروائی عمل میں لائے گا تاہم اگر الیکشن اتھارٹی سمجھتی ہے کہ کہیں مزید کسی قانون سازی کی ضرورت ہے تو اپیلیٹ کمیشن سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کی منظوری سے قوانین بنا سکتی ہے۔

## 10۔ فرائض و اختیارات

### 10(a)۔ مرکزی کابینہ

I۔ صدر

(i)۔ صدر پارٹی کا آئینی و انتظامی سربراہ ہوگا۔ پارٹی کے اجلاس کی صدارت کریگا اور پارٹی امور کو منشور کے مطابق چلانے کا پابند ہوگا۔

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
بھاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Capt. Dr. Syed M. Suleman Mahtab

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (C)

CamScanner

(i)۔ پارٹی کے تمام انتظامی، مالی و سیاسی امور کی حتمی منظوری دے گا۔ پارٹی کو میدان عمل میں متحرک کرنے کے لیے کسی بھی پالیسی کے لیے احکامات جاری کرے گا۔

(ii)۔ ملک کی دیگر پارٹیوں کے ساتھ روابط رکھنے کے لیے یا کسی بھی حکومتی عہدیدار سے ملکی مفاد میں مذاکرات کرے گا اور پارٹی کے اغراض و مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے الحاق کا فیصلہ کرے گا۔ تاہم کسی بھی وقت اگر وہ سمجھتا ہے کہ یہ الحاق پارٹی کے نظریے کے خلاف ہے تو اُس اتحاد سے علیحدہ ہونے کا فیصلہ بھی کرے گا اور باقاعدہ طور پر پارٹی کی مرکزی کابینہ کو آگاہ کرے گا۔

(iv)۔ پارٹی کے کسی بھی عہدیدار کے خلاف اگر کوئی کاروائی ہوتی ہے تو اُس کے خلاف حتمی اپیل بھی مرکزی صدر ہی کے پاس ہوگی جس کا فیصلہ آخری ہوگا۔

(v) صدر کسی بھی وقت کابینہ کا اجلاس 3 دن کے نوٹس پر طلب کر سکتا ہے۔

(vi)۔ صدر مرکزی کابینہ کی کسی بھی خالی نشست پر باقاعدہ انتخاب کروائے گا اسی طرح صوبائی و ضلعی سطح پر بھی بذریعہ انتخابات خالی نشست کو پُر کیا جائے گا۔

## II۔ سینئر نائب صدر

صدر کی عدم موجودگی میں نائب صدر تمام پارٹی معاملات کا انچارج ہوگا اور معاملات کی دیکھ بھال کرے گا تاہم حتمی منظوری کے لیے وہ صدر کے سامنے معاملات پیش کرے گا۔ پارٹی کابینہ کی طرف سے پیش کی گئیں تجاویز کو حتمی شکل دے کر صدر کی منظوری کے لیے پیش کرنا اور دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ روابط رکھنا۔ پارٹی کی پالیسی کو فائنل کر کے صدر کے سامنے پیش کرنا۔

## III۔ نائب صدر

(i)۔ سینئر صدر کے بعد تمام معاملات کی نگرانی نائب صدر کرے گا۔ علاوہ ازیں صدر کی طرف سے دیے گئے وقتاً فوقتاً فرائض بھی نائب صدر ادا کرے گا۔

(ii)۔ نائب صدر پارٹی کے انتظامی، مالی و قانونی معاملات کی نگرانی کرے گا۔ اور اُن کو حتمی شکل دے کر صدر کی منظوری کے لیے پیش کریگا۔

(iii)۔ مرکزی کابینہ کی طرف سے ملنے والی تمام معلومات کو یکجا کرنا اور اپنی رائے کے ساتھ سینئر نائب صدر کو پیش کرنا۔

Election Commission of Pakistan
Approved
Deputy Director

### IV۔ جنرل سیکرٹری

i)۔ جنرل سیکرٹری پارٹی کے تمام دفاتر، ریکارڈ، دستاویزات اور رفائلوں کے تحفظ اور ترتیب کا ذمہ دار ہوگا۔

ii)۔ جنرل سیکرٹری پارٹی پالیسیوں اور پروگرام کی تشریح اور وضاحت کرنے کا ذمہ دار ہوگا، نیز تمام ذیلی تنظیموں اور اداروں سے رابطہ رکھے گا، ان کی سرگرمیوں کی نگرانی کرے گا اور پارٹی سیکرٹریٹ کو چلانے کا ذمہ دار ہوگا۔

iii)۔ جنرل سیکرٹری مرکزی کابینہ کے اجلاس کے لئے ایجنڈے کی تیاری و اجلاس کی روئیداد اور رپورٹ تیار کر کے اگلے اجلاس میں پیش کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

iv)۔ جنرل سیکرٹری صدر کی ہدایت پر مرکزی کابینہ یا دیگر تنظیموں کے اجلاس بھی طلب کر سکتا ہے۔

v)۔ جنرل سیکرٹری پارٹی کو آئین کے مطابق چلانے کے لیے پروگرام ترتیب دے کر مرکزی کابینہ کے اجلاس میں منظوری کے لیے پیش کرے گا۔

### V۔ ایڈیشنل جنرل سیکرٹری

ایڈیشنل جنرل سیکرٹری کا کام جنرل سیکرٹری کی معاونت ہوگا۔ تمام میٹنگز کے لیے جو بنیادی معلومات جوائنٹ سیکرٹری کی طرف سے موصول ہونگی اُن کو حتمی شکل دے کر جنرل سیکرٹری کو پیش کرنا۔ علاوہ ازیں جنرل سیکرٹری کی عدم موجودگی میں اُس کے تمام فرائض سرانجام دینا۔ میٹنگز کے ایجنڈے کو حتمی شکل دینا اُس کے علاوہ پارٹی صدر کی طرف سے جو بھی وقتاً فوقتاً ہدایات دی جائیں اُن کو نچلی سطح پر منتقل کرنا اور اُن پر عملدرآمد یقینی بنانا۔

### VI۔ فنانس سیکرٹری

(i)۔ فنانس سیکرٹری شعبہ مالیات کا نگران ہوگا۔ چندہ جمع کرنا۔ آمدن و خرچ کا مکمل ریکارڈ رکھنا اور اس کی سالانہ جانچ پڑتال کرنا اس کی ذمہ داری ہوگی اور مالیات کے جملہ امور کے بارے میں مرکزی کابینہ کے سامنے جوابدہ ہوگا۔

(ii)۔ رقم کی وصولی اور خزانہ میں جمع کرانا۔ صدر اور فنانس سیکرٹری دونوں کے دستخطوں سے بنک سے رقم نکلوانا۔

(iii)۔ بنک کا حساب کتاب فنانس سیکرٹری کے پاس ہوگا۔ مزید یہ کہ فنانس سیکرٹری Consolidated statement of Account on Form-D تیار کر کے 60 دن کے اندر اندر زیر دفعہ 210 الیکشن ایکٹ 2017، بذریعہ پارٹی سربراہ الیکشن کمیشن میں پیش کرے گا۔

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
بہاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Capt. Dr. Syed M. Suleman Mahtab

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Coord)

## VII۔ انفارمیشن سیکرٹری

i)۔انفارمیشن سیکرٹری ثقافتی سرگرمیوں کے انعقاد کا ذمہ دار ہوگا۔

ii)۔انفارمیشن سیکرٹری کا بنیادی فرض پارٹی کو بذریعہ تقریر و تحریر فعال بنانا اور پارٹی کے بنیادی مقاصد کی مناسب طریقے سے ترویج کرنا پارٹی کے کارکنان کو پارٹی پالیسی سے بروقت آگاہ کرنا اور عام عوام کو پارٹی کے منشور سے آگاہ کرنا۔نیز حکومتی پالیسیوں کے بارے میں بھی بذریعہ الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا عوام میں آگاہی پیدا کرنا۔

iii)۔پارٹی کے فیصلوں کی تشہیر کرنا اور پارٹی کے ادبی پرچے و پمفلٹ وغیرہ شائع کرنا۔

## VIII)۔ میڈیا کوآرڈینیٹر

موجودہ دور میڈیا کا دور ہے۔لہذا پارٹی کو عوام میں متعارف کروانا اور ہر وقت اپنے ممبرز سے رابطہ رکھنا میڈیا کے بغیر نا ممکن ہے۔خصوصاً سوشل میڈیا کے متعارف ہونے کے بعد میڈیا کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے لہذا میڈیا کوآرڈینیٹر الیکٹرونک اور سوشل میڈیا کے ذریعے نہ صرف اپنے ممبران بلکہ عام ووٹر کے ساتھ بھی رابطے میں رہے گا۔

## IX)۔ یوتھ کوآرڈینیٹر

اس دور میں جبکہ میڈیا نے تمام اقوام کو اپنی گرفت میں لے لیا ہے لہذا یوتھ کا کردار کسی بھی صورت میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔نئی نسل جدید ٹیکنالوجی سے بخوبی آگاہ ہے لہذا اُس کے کردار کو اُجاگر کرنا اور اُس سے فائدہ اُٹھانا وقت کا تقاضا ہے اگر یوتھ کی مہارت سے فائدہ نہ اُٹھایا گیا تو وہ آنے والے وقت میں قوم اور ملک کے لیے نقصان دہ ہوگا لہذا یوتھ کوآرڈینیٹر ہمہ وقت نوجوان نسل سے رابطے میں رہے گا اور اُس کو آرگنائز کرے گا۔

## X)۔خواتین کوآرڈینیٹر

ہمارے ملک میں خواتین کی شرح آبادی زیادہ ہے لیکن خواتین کو نمائندگی اُس تناسب سے نہیں مل رہی اگر چہ سابقہ ادوار میں خواتین کی مخصوص نشستیں پارلیمنٹ میں متعارف کروائی گئی اور سرکاری ملازمتوں میں بھی اُن کو نمائندگی دینے کے لیے کوششیں کی گئی لیکن وہ تمام جزوقتی اقدامات ہیں لہذا خواتین کے حقوق کے لیے مستقل خواتین کوآرڈینیٹر پارٹی کے اندر کام کرے گی جو اُن کے لیے آواز اُٹھائے گی۔

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
بہاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Capt. Dr. Syed ... Suleman Mahtab

## XI)۔اقلیتی کوآرڈینیٹر

آئین پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے آرٹیکلز موجود ہیں اور اُن کو پارلیمنٹ میں بھی نمائندگی کا حق دیا گیا ہے لہذا آئین کی اُن شقوں کو عملی میدان میں بروئے کار لانے کے لیے اقلیتی کوآرڈینیٹر ہمہ وقت کوشش کرے گا۔

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director

CamScanner

CamScanner

### II۔ نائب صدر

(i)۔ صدر کے بعد تمام معاملات کی نگرانی نائب صدر کرے گا۔ علاوہ ازیں صدر کی طرف سے دیے گئے وقتاً فوقتاً فرائض بھی نائب صدر ادا کرے گا۔

(ii)۔ ماتحت کابینہ کی طرف سے ملنے والی تمام معلومات کو یکجا کرنا اور اپنی رائے کے ساتھ صدر کی منظوری کے لیے پیش کرنا جو مرکزی صدر کی منظوری کے لیے بھیجے گا۔

### III۔ جنرل سیکرٹری

(i)۔ جنرل سیکرٹری کا کام اجلاسوں کی کاروائی کا ایجنڈا فائنل کرنا اور میٹنگ کی سفارشات کو حتمی شکل میں لاکر نائب صدر/صدر کے پاس پیش کرنا تمام اجلاس منعقد کروانے کے لیے انتظامات کرنا۔

### IV۔ فنانس سیکرٹری

(i)۔ فنانس سیکرٹری صوبے میں شعبہ مالیات کا نگران ہوگا۔ چندہ جمع کرنا۔ آمدن وخرچ کا مکمل ریکارڈ رکھنا اور اس کی سالانہ جانچ پڑتال کرنا اس کی ذمہ داری ہوگی اور مالیات کے جملہ امور کے بارے میں صوبائی کابینہ کے سامنے جوابدہ ہوگا۔

(ii)۔ بنک کا حساب کتاب فنانس سیکرٹری کے پاس ہو گا اور Consoliated statement of account of Form-D کی تیاری میں مرکزی سیکرٹری کو معلومات فراہم کرنا اور معاونت کرنا۔

### V۔ انفارمیشن سیکرٹری

انفارمیشن سیکرٹری کا بنیادی فرض پارٹی کو بذریعہ تقریر و تحریر فعال بنانا اور پارٹی کے بنیادی مقاصد کی مناسب طریقے سے ترویج کرنا پارٹی کے کارکنان کو پارٹی پالیسی سے بروقت آگاہ کرنا اور عام عوام کو پارٹی کے منشور سے آگاہ کرنا۔ نیز حکومتی پالیسیوں کے بارے میں بھی بذریعہ الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا عوام میں آگاہی پیدا کرنا۔

### VI۔ جوائنٹ سیکرٹری

جوائنٹ سیکرٹری کا کام جنرل سیکرٹری کو پارٹی کے معاملات کے بارے میں آگاہ کرنا اور تحریراً اُن پر اپنی تجاویز پیش کرنا۔

Bahawalpur Awami ... Party (BAHP)
بہاولپور عوامی ...
President
Capt. Dr. Syed M. Suleman Mahtab

### Vii۔ آفس سیکرٹری:

آفس سیکرٹری کا کام صوبائی سطح پر پارٹی کے تمام ریکارڈ کو سنبھال کر رکھنا اور پارٹی کے تمام عہدیداران کے ٹیلی فون نمبرز اور اُن کی رہائش گاہوں کا ریکارڈ اپنے پاس محفوظ رکھنا تاکہ بوقت ضرورت کسی بھی کارکن یا عہدیدار سے بروقت رابطہ کیا جاسکے۔

Election Commission of Pakistan
Deputy Director

**10(d)۔ ضلع،تحصیل ویونین کونسل کی کابینہ کے فرائض واختیارات:**

جواختیارات صوبائی سطح پر کابینہ کے عہدیداران کو حاصل ہیں وہی اختیارات ضلع، تحصیل و یونین کونسل کی کابینہ کے عہدیداران کوحاصل ہونگے۔

## 11۔ عوامی نمائندوں کی نامزدگیاں:

i)۔سنٹرل ایگزیکٹوکونسل قومی وصوبائی اسمبلیوں اورسینٹ کے امیدواروں کوٹکٹ جاری کرنے کے لیے دوتہائی اکثریت سے سفارشات دے گی جس کی حتمی منظوری مرکزی صدردے گا۔

ii)۔قومی وصوبائی اسمبلیوں اورسینٹ انتخابات کے لیے اُمیدواروں کوٹکٹ جاری کرتے وقت میرٹ کوبنیادی اصول بنایاجائے گا۔

iii)۔ ضلع،تحصیل و یونین کونسل کی کابینہ کے اُمیدواروں کے انتخاب کے لیے سفارشات صوبائی کابینہ دوتہائی اکثریت سے مرکزی صدر کی منظوری کے لیے بھیجے گی

iv)۔نامزدگیاں کرتے وقت عورتوں کی پانچ فی صدنمائندگی کویقینی بنایاجائے گا۔یہ ساری نامزدگیاں مرکزی صدر کی منظوری سے ہونگی۔

Bahawalpur Awami Huqooq Party (BAHP)
بہاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Capt. Dr. Syed ... Suleman Mahtab

## 12۔ تنازعات/باہمی اختلافات

i)۔ پارٹی کے اندرونی تنازعات واختلافات کودورکرنے کے لیے مرکزی وصوبائی سطح پرایک کمیٹی بنائی جائے گی جو معاملات کوباہمی افہام وتفہیم سے حل کرنے کے لیے اقدامات کرے گی۔

ii)۔ کسی بھی شکایت کی صورت میں متعلقہ کارکن وعہدیدارکوحسب ضابطہ فردجرم عائدکرکے الزام سے آگاہ کیا جائے گااوراُسے صفائی کاموقع دیاجائے گا۔تاہم جواب تسلی بخش نہ ہونے کی صورت میں نوٹس اظہاروجوہ جاری کیاجائے گااورکوئی مدلل وضاحت نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ عہدیداریاپارٹی ممبرکوفارغ کیاجائے گا۔

iii)۔ اگرکسی مرکزی عہدیدارکے خلاف کسی قسم کی شکایت وصول ہوتی ہے تومرکزی صدرتین رکنی کمیٹی بنائے گاجس کاسربرہ جنرل سیکرٹری ہوگاوہ اپنی سفارشات نائب صدرکوبرائے منظوری بھیجے گےاورنائب صدرمتعلقہ عہدیدارکے خلاف کاروائی کرنے یامعاف کرنے کامجاز ہوگاتاہم اُس کے فیصلے کے خلاف حتمی اپیل مرکزی صدرکے پاس ہوگی جس کافیصلہ آخری ہوگا۔صوبائی ولوکل سطح پرکسی ممبرکے خلاف کوئی شکایت ہوئی تومتعلقہ صدرتین ممبران پرمشتمل انکوائری کمیٹی بنائے گاجواپنی رپورٹ متعلقہ صدرکوپیش کریگی جوشوکازنوٹس جاری کرنے کے بعدمعاف کرنے یا متعلقہ رکن کے خلاف کاروائی کرنے کامجاز ہوگا۔اس فیصلے کے خلاف بھی اپیل مرکزی صدرکے پاس ہوگی۔

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Conf.)

iv)۔مرکزی صدر کے خلاف سنٹرل ایگزیکٹوکونسل کی دوتہائی اکثریت کاروائی کرسکتی ہے سنٹرل ایگزیکٹوکونسل کا فیصلہ حتمی ہوگا جبکہ صوبائی، ضلع وتحصیل اور یونین کونسل کے صدور کے خلاف صوبائی کابینہ کی دوتہائی اکثریت کاروائی کرنے کی سفارشات مرکزی صدر کو بھجوائے گی جو اسکی منظوری دے گا۔

## 13۔ دستور میں ترمیم:

دستور میں ترمیم کے لیے سنٹرل ایگزیکٹوکونسل اپنی سفارشات کا ڈرافٹ دوتہائی اکثریت سے منظور کر کے مرکزی کابینہ کو بھجوائے گی۔اس کے بعد مجوزہ ترمیم مرکزی صدر کی منظوری کے لیے پیش کی جائے گی تاہم اگر مرکزی صدر ترمیم پر نظر ثانی کے لیے واپس سنٹرل ایگزیکٹوکونسل کو دوبارہ غور کرنے کے لیے بھیجتا ہے تو سنٹرل ایگزیکٹوکونسل دوبارہ اُس پر غور کرے گی اور اگر سنٹرل ایگزیکٹوکونسل متعلقہ تجویز کو درست سمجھے تو دستور میں ترمیم کر کے مجوزہ بل دوبارہ مرکزی صدر کی منظوری کے لیے بھیجے گی۔اگر مرکزی صدر 60 دن کے اندر اندر منظوری نہیں دیتا تو مجوزہ ترمیم منظور شدہ سمجھی جائے گی۔دونوں صورتوں میں مرکزی صدر الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 201 کے تحت مجوزہ ترمیم 15 دن کے اندر اندر الیکشن کمیشن کو بھجوائے گا۔

## 14 ۔عدم اعتماد:

اگر کوئی عہدیدار مالی واخلاقی بدعنوانی میں ملوث پایا گیا یا پارٹی کے دستور کے خلاف کام کرنے میں ملوث ہوا تو متعلقہ کابینہ دوتہائی اکثریت کی منظوری سے اُس عہدیدار کو متعلقہ عہدے سے فارغ کرسکتی ہے۔سنٹرل ایگزیکٹوکونسل دو تہائی اکثریت سے مرکزی صدر کو بھی عہدے سے علیحدہ کرسکتی ہے اور بقیہ مدت کے لیے سنٹرل ایگزیکٹوکونسل کسی عہدیدار کو صدر منتخب کرسکتی ہے۔

## 15۔ عہدیدار کی موت، استعفیٰ یا برطرفی کی صورت میں عارضی طور پر نشست پُر کرنے کا طریقہ کار۔

اگر کوئی عہدیدار اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیتا ہے یا اُس کی موت واقع ہو جاتی ہے یا اُس کو عہدے سے برطرف کردیا جاتا ہے تو اُس صورت میں بقیہ مدت کے لیے باقاعدہ الیکشن کروانا لازمی ہوگا۔اگر مرکزی صدر بوجہ بیماری یا کسی دیگر وجہ سے اپنا استعفیٰ دینا چاہتا ہے تو وہ سنٹرل ایگزیکٹوکونسل کے چیئرمین کے پاس پیش کرے گا اور سنٹرل ایگزیکٹوکونسل کا چیئرمین ایک ماہ کے اندر اندر مرکزی صدر کے انتخابات کا شیڈول جاری کردے گا۔اگر مرکزی صدر کی موت واقع ہو جاتی ہے تو اُس صورت میں بھی سنٹرل ایگزیکٹوکونسل کا چیئرمین دو ماہ کے اندر اندر الیکشن شیڈول کا نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔

Bahawalpur Awami Haqooq Party (BAHP)
بہاولپور عوامی حقوق پارٹی
President
Sqnt/Br. Syed M. Suleman Mahtab

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Conf.)

## 16۔ استعفیٰ کی منظوری کا طریقہ کار۔

کوئی عہدیدار اپنے عہدے سے کسی بھی وقت مستعفی ہونا چاہتا ہے تو مرکزی صدر کو اپنا استعفیٰ بذات خود پیش کرے گا اور اگر کوئی عہدیدار اپنا استعفیٰ بذریعہ ڈاک / میل یا کسی عہدیدار کی وساطت سے مرکزی صدر کو ارسال کرتا ہے تو صدر اس بات کی تصدیق کے لیے متعلقہ عہدیدار کو طلب کر سکتا ہے کہ وہ کن وجوہات کی بنا پر عہدے سے استعفیٰ دے رہا ہے۔ تاہم متعلقہ عہدیدار کو استعفیٰ منظور ہونے تک اپنے عہدے پر کام کرنا ہوگا۔ اگر مرکزی صدر استعفیٰ دینا چاہتا ہے تو وہ سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کے چیئرمین کو اپنا استعفیٰ پیش کرے گا اور سنٹرل ایگزیکٹو کونسل اپنے اجلاس میں اُس کی منظوری دے گی۔

## 17۔ خالی نشست کو پُر کرنے کا طریقہ کار۔

کسی عہدیدار کی وفات یا مستعفی ہونے کی صورت میں یا پارٹی سے نکالے جانے کی صورت میں اگر نشست ایک سال سے زیادہ عرصہ کے لیے خالی ہوتی ہے تو اُس نشست کو پُر کرنے کے لیے باقاعدہ الیکشن کروایا جائے گا اور اُس کے لیے وہی الیکشن اتھارٹی فرائض سرانجام دے گی جس کی سربراہی میں اُس ٹرم کا الیکشن منعقد ہوا۔ یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ خالی نشست پر 60 دن کے اندر اندر الیکشن کروایا جائے گا اور اگر ایک سے زیادہ نشستیں ہوتو اُن پر بھی ایک ہی دفعہ 60 دن کے اندر اندر الیکشن کروایا جائے گا۔

## 18۔ انتخاب اخراجات کا گوشوارہ (Form-C) بروقت پیش کرنا۔

سینٹ، قومی وصوبائی اسمبلیوں کے جیتے ہوئے اُمیدواران (Returned Candidates) کو الیکشن کے بعد دس دن کے اندر اندر انتخابی اخراجات کے گوشوارہ جات Form-C الیکشن ایکٹ کی دفعہ (3)98 کے تحت 10 دن کے اندر الیکشن کمیشن میں جمع کروانے کی ہدایت کی جائے گی جبکہ تمام (Contesting Candidates) کو 30 دن کے اندر اندر انتخابی اخراجات کے گوشوارہ جات Form-C الیکشن کمیشن میں جمع کروانے کی ہدایت کی جائے گی جبکہ پارٹی اپنے نامزد کردہ اُمیدواروں کے نام بھی بروقت الیکشن کمیشن آف پاکستان میں داخل کرے گی۔ لوکل گورنمنٹ کے اُمیدواران اپنے متعلقہ صوبے کے لوکل گورنمنٹ کے قوانین کے مطابق انتخابی گوشوارہ جات بروقت الیکشن کمیشن میں جمع کروائیں گے۔ اسی طرح اسلام آباد ضلع کے لوکل گورنمنٹ کے اُمیدواران متعلقہ الیکشن قوانین کے تحت انتخابی گوشوارہ جات بروقت جمع کروائیں گے۔

## 19۔ ابہام کی صورت میں مسائل کا تصفیہ وحل

اگر کوئی ایسا مسئلہ درپیش آتا ہے جس کا دستور میں کوئی واضح حل موجود نہیں ہے تو مرکزی صدر اُس مسئلے کے حل کے لیے موقع کی مناسبت سے سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کی مشاورت سے ضروری احکامات جاری کر سکتا ہے۔

Bahawalpur ... Party (BAHP) ... Capt. ...

Election Commission of Pakistan
Attested
Deputy Director (Conf.)